Civics - 10th Class Civics Urdu Medium Chapter 1 Short Questions Test

Q1. ضبط نفس کے معاملے میں شہریوں پر کیا فریضہ عائد ہوتا ہے.

Ans 1: شہریوں کا فرض ہے کہ وہ خود غرضی سے بچے اور ضبط نفس سے کام لیتے ہوئے قومی مفاد کو سب سے پہلے سامنے رکھیں.

Q2. شہریوں کے فرائض کون سے ہیں.

Ans 1: 1- ریاست سے وفاداری 2- قانون کی پابندی 3- حکام سے تعاون 4- ٹیکسون سے وفاداری 5- ووٹ کا درست استعمال 6- تعلیم 7- ضبط نفس 8- فرقہ واریت سے اجتناب

Q3. قصاص سے کیا مراد ہے.

Ans 1: قصاص سے مراد جان کے بدلے جان اور نقصان کے بدلے نقصان ہے.

Q4. انسانی حقوق کی موجودہ صورت حال کو کس طرح بہتر بنایا جاسکتا ہے

Ans 1: اسلام نے عورت کو بہت بلند مقام عطا کیا ہے. لیکن ہندوانہ ثقافت کے اثرات کے تحت ہمارے ملک میں آج بھی کئی مقامات میں عورت کی حیثیت کم تر ہے اسی طرح بچوں سے مشقت لینا بھی عام ہے اس کا سدباب کرنے کے لیے ضروری ہے کہ ملک میں تعلیم کو زیادہ سے زیادہ عام کیا جائے

Q5. سیاسی حقوق سے کیا مراد ہے.

Ans 1: سیاستی حقوق سے مراد ایسے حقوق جن کے زریعے ریاست کے معاملات میں شرکت کرتے ہیں.

Q6. مغرب میں انسانی حقوق کا اعلان کب ہوا.

Ans 1: مغرب میں انسانی حقوق کا اعلان 1215 کو میگنا کارناکے زریعے ہوا.

Q7. شہری کی عزت و ابرو کس کا فرض ہے .

Ans 1: ریاست کا یہ فرض ہے کہ وہ ہر شخص کی عزت و آبرو اور شہرت کی حفاظت کرے کیونکہ انسان صحیح معنوں میں اس وقت آزادی سے لطف اندوز ہوسکتا ہے جب اس کی عزت و وقار قائم رہے.

Q8. حق خاندان سے کیا مراد ہے .

Ans 1: حق خاندان سے مراد ہر شہری کو یہ حق حاصل ہے کہ وہ اپنی مرضی سے شادی کرے اور اپنے خاندان کی بنیاد ڈالے.

Q9. معاشرتی حقوق میں کون کون سے حقوق شامل ہیں.

Ans 1: 1- حق زندگی 2- حق خاندان 3- حق تعلیم 4- حق مذہب 5- حق معاہدہ 6- حق مساوات 7- حق تقریر و تحریر 8- عزت و آبرو 9- حق رہائش

Q10. محنت کی عزمت کے متعلق کوئی حدیث مبارکہ بیان کریں.

Ans 1: "اپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا. "محنت کرکے حلال روزی کمانے والا اللہ کا دوست ہے.
